حدیث: جس نے امانت کی قسم کھائی، وہ ہم میں سے نہیں ہے"۔

زمرہ: عقیدہ . اسماء و احکام . شرک .

عَنْ بُرَيْدَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«مَنْ حَلَفَ بِالْأَمَانَةِ فَلَيْسَ مِنَّا».

[صحيح] - [رواه أبو داود وأحمد] - [سنن أبي داود: 3253]

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

"جس نے امانت کی قسم کھائی، وہ ہم میں سے نہیں ہے"۔

[صحيح] - [رواه أبو داود وأحمد] - [سنن أبي داود - 3253]

شرح

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے امانت کی قسم کھانے سے منع اور خبردار کیا اور بتایا کہ ایسا کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔

حدیث کے کچھ فوائد

1. **اللہ کو چھوڑ کر کسی اور کی قسم کھانا حرام ہے، جس میں امانت کی قسم کھانا بھی شامل ہے۔ امانت کی قسم کھانا شرک اصغر ہے۔**
2. **امانت کے اندر اطاعت، عبادت، ودیعت، نقد اور امان سب داخل ہیں۔**
3. **قسم اسی وقت منعقد ہوگی، جب اللہ کی، اس کے کسی نام کی یا اس کی کسی صفت کی کھائی جائے۔**
4. **خطابی کہتے ہیں: یہ کراہت اس بنا پر ہو سکتی ہے کہ شارع نے اللہ اور اس کی صفات کی قسم کھانے کا حکم دیا ہے اور امانت اس کی صفت نہیں، بلکہ اس کا ایک حکم اور اس کی جانب سے فرض کردہ ایک فریضہ ہے۔ لہذا اس سے منع کر دیا گیا، کیوں کہ یہ اللہ کے اوامر وفرائض اور اسما وصفات کو برابر قرار دینا ہے۔**

زمرے

- عقیدہ . اسماء و احکام . شرک